KOH-E-YAAR, آڈٹ بیورو آف سرکولیشن سے باقاعدہ تصدیق شدہ
ABC CERTIFIED
www.dailykoheyar.com
قیمت 5 روپے
روزنامہ
کوہِ یار
نوشکی بلوچستان
صفحات 4
بلوچستان کے قلب نوشکی سے شائع ہونے والا اکثیر الاشاعت اخبار
جلد 21 | پیر 14 ستمبر 2026ء | فون نمبر 081-2869274 | فیکس نمبر 081-2869273 | شمارہ 12

ن لیگ نے صوبوں کی تقسیم کا پراجیکٹ شروع نہیں کیا، ہماری لائن واضح ہے، رانا ثناءاللہ

صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، ابھی بہت وقت ہے، چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں، صوبوں کے معاملے پر پیپلز پارٹی کو سیاسی فائدہ ہو

وفاقی وزیر داخلہ کابینہ یا سینیٹ میں بات کریں گے تو ان سے جواب لے لیں گے، وفاقی وزیر شیخ تیمور میرے سامنے ہر دوسرے دن شہباز شریف سے ملتے ہیں، انکے اعتراضات کی بات مجھے سمجھ نہیں آرہی، تحریک انصاف کا احتجاج ٹکے ٹوکری ہو جائے گا، رپورٹ

لاہور (کوہ یار نیوز) وزیر اعظم کے مشیر برائے سیاسی امور رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ ن لیگ نے صوبوں کی تقسیم کا پراجیکٹ شروع نہیں کیا، ہماری لائن واضح ہے، صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے۔ لاہور میں سینئر صحافیوں سمیت دیگر سے گفتگو کرتے ہوئے رانا ثناءاللہ نے کہا کہ نئے صوبوں کے پراجیکٹ پر مبینہ طور پر مسلم لیگ ن سے گفتگو ہوئی ہوگی، اگر پراجیکٹ بنانے والوں نے ن لیگ سے بات کی اور ہم نے اسے متعارف نہیں کروایا تو لٹھ لے کر کھڑے نہیں ہو سکتے۔ رانا ثناءاللہ نے کہا ہے کہ صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر ابھی بہت وقت ہے، صوبوں کی تقسیم کا معاملہ پارلیمنٹ میں آیا تو ہر کوئی اپنی رائے دے گا، صوبوں کی تقسیم کے معاملے پر پارلیمانی یا اسٹینڈنگ کمیٹی بن سکتی ہے، صوبوں کے معاملے پر چھ سے آٹھ ماہ لگتے نظر آتے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ صوبوں کی تقسیم سے انتظامی یونٹس یا بلدیاتی انتخابات کا معاملہ نکل سکتا ہے، ن لیگ نے صوبوں کی تقسیم کا پراجیکٹ شروع نہیں کیا، ہماری لائن واضح ہے، پنجاب میں ن لیگ کی مقامی قیادت بہاولپور کو جنوبی پنجاب کے ساتھ نہیں لے جانا چاہتی۔ انہوں نے مزید کہا کہ تجاویز (بقیہ نمبر 1 صفحہ نمبر 2 پر)

وزیر اعظم کا عوام کیلئے خصوصی ریکیفٹ سکیم کا اعلان

خصوصی اسکیم کے تحت جدید ڈیجیٹل نظام فعال کرنے کا دعویٰ، وزارتِ آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن نے صوبائی محکموں، نادرا اور ٹیلی کام کمپنیوں کے تعاون سے گاڑیوں کی تصدیق اور سبسڈی کی فراہمی کے لیے خودکار نظام تیار

شہری اپنے نام پر رجسٹرڈ موبائل نمبر سے مخصوص ایس ایم ایس کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکیں گے، موٹر سائیکل اور چنگچی کے لیے ماہانہ 800 سی سی تک گاڑیوں کے لیے 30 لیٹر رعایتی پٹرول کی حد مقرر

اسلام آباد (آن لائن) وزیر اعظم شہباز شریف کی ہدایت پر محنت کش اور کم آمدن والے طبقات کو مہنگے پٹرول کے اثرات سے ریلیف فراہم کرنے کے لیے خصوصی اسکیم کے تحت جدید ڈیجیٹل نظام فعال کرنے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ اسکیم کے ذریعے موٹر سائیکل، رکشہ، چنگچی اور 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے مالکان کو پٹرول پر فی لیٹر 100 روپے تک رعایت فراہم کی جائے گی۔ فراہم کردہ تفصیلات کے مطابق وزارتِ آئی ٹی و ٹیلی کمیونیکیشن نے صوبائی محکموں، نادرا اور ٹیلی کام کمپنیوں کے تعاون سے گاڑیوں کی تصدیق اور سبسڈی کی فراہمی کے لیے خودکار نظام تیار کیا ہے، جس کا مقصد مستحق شہریوں تک شفاف انداز میں ریلیف پہنچانا ہے۔ اسکیم کے تحت موٹر سائیکل اور چنگچی رکشوں کے لیے ماہانہ 20 لیٹر جبکہ 800 سی سی تک کی گاڑیوں کے لیے ماہانہ 30 لیٹر پٹرول پر رعایت مقرر کی گئی ہے۔ متن کے مطابق شہری اپنے نام پر رجسٹرڈ موبائل نمبر سے مخصوص ایس ایم ایس کے ذریعے رجسٹریشن کرا سکیں گے۔ رجسٹریشن کے لیے شناختی کارڈ نمبر، (بقیہ نمبر 2 صفحہ نمبر 2 پر)



☆☆☆☆☆☆☆☆ یمن: حوثیوں کے بحیرہ احمر کے ساحلی علاقے پر کنٹرول کے بعد جھنڈا لہرایا جا رہا ہے ☆☆☆☆☆☆☆☆

عالمی جوہری معاہدے سے علیحدہ ہو سکتے ہیں، ایران کی دھمکی

رہبر اعلیٰ زندہ ہیں، دشمن ان کا سراغ لگانے میں ناکام ہو چکا، غزہ اور لبنان میں روز قتل عام کون کر رہا ہے

ہمارے دوست پڑوسی ممالک کو اپنی سرزمین سے ایران پر حملوں کی اجازت نہیں دینی چاہیے، ایرانی صدر کا انٹرویو

تہران (این این آئی) ایرانی صدر مسعود پزشکیان نے کہا ہے کہ ہم جنگ کے خواہاں نہیں، یہ امریکا ہے جو ہمارے خطے میں داخل ہوا ہے، ہمارے رہبر اعلیٰ زندہ ہیں۔ ایک انٹرویو میں مسعود پزشکیان نے کہا کہ جنگ ہم نے نہیں امریکا اسرائیل نے شروع کی، ہم اس جنگ میں اپنا دفاع کر رہے ہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہم جنگ کے خواہاں نہیں، ہمیں متحدہ عرب امارات (یو اے ای) یا خطے کے کسی اور ملک سے کوئی مسئلہ نہیں، خطے کے ممالک ہمارے بھائی ہیں۔ ایرانی صدر نے مزید کہا کہ ہمیں خطے کے ممالک میں موجود امریکی فوجی اڈوں سے مسئلہ (بقیہ نمبر 4 صفحہ نمبر 2 پر)

سرکاری کالجز میں تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی عائد

تعلیمی اداروں میں تمام اقسام کی تقریبات اور تنظیموں کی جانب سے سرگرمیوں کا انعقاد مجاز اتھارٹی کی پیشگی اجازت کے بغیر سختی سے ممنوع ہے

اپنے متعلقہ اداروں میں مذکورہ احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں اور کسی بھی تنظیم کی جانب سے تقریب یا سرگرمی منعقد نہ ہونے دیں، مراسلہ

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان کے کالجز میں تمام تقریبات اور تنظیمی سرگرمیوں پر پابندی عائد کر دی گئی۔ ڈائریکٹوریٹ آف کالجز اینڈ ہائر ایجوکیشن بلوچستان نے صوبے کے تمام سرکاری بوائز، گرلز، پوسٹ گریجویٹ، ڈگری اور انٹر کالجز میں کسی بھی تقریب یا تنظیمی سرگرمی کے انعقاد پر پابندی عائد کر دی۔ ڈائریکٹر کالجز اینڈ ہائر ایجوکیشن بلوچستان کی جانب سے جاری مراسلے کے مطابق محکمہ داخلہ و قبائلی امور بلوچستان کے 9 جولائی 2020 کے احکامات کی روشنی میں تعلیمی اداروں میں تمام اقسام کی تقریبات اور تنظیموں کی جانب سے سرگرمیوں کا انعقاد مجاز اتھارٹی (بقیہ نمبر 3 صفحہ نمبر 2 پر)

آئرلینڈ، ڈبلن میں امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ کے دورے کے خلاف ہزاروں افراد احتجاج میں شریک ہیں۔

روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس میں 13 ارب 90 کروڑ روپے کے ڈالر موصول ہوئے، اسٹیٹ بینک

روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے اب تک مجموعی طور پر 2 ارب 13 کروڑ ڈالر واپس بھیجے جا چکے ہیں

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے صرف اگست میں 25 کروڑ 90 لاکھ ڈالر جمع کرائے، رپورٹ

کراچی (کوہ یار نیوز) اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے کہا ہے کہ روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس (آر ڈی اے) میں اگست 2026 تک مجموعی طور پر 13 ارب 90 کروڑ ڈالر سے زائد موصول ہو چکے ہیں، جبکہ 354 نئے روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کھلوائے، جس کے بعد ان اکاؤنٹس کی مجموعی تعداد 9 لاکھ 66 ہزار 144 ہو گئی ہے۔ اعداد و شمار کے مطابق روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس (بقیہ نمبر 5 صفحہ نمبر 2 پر)

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے صرف اگست میں 25 کروڑ 90 لاکھ ڈالر جمع کرائے۔ مرکزی بینک کے اعداد و شمار کے مطابق اگست 2026 کے دوران بیرون ملک مقیم پاکستانیوں نے 9 ہزار

جنگ ستمبر کا 13 واں روز، پاکستانی فوج کا باؤریلوے سٹیشن پر قبضہ

راولپنڈی (این این آئی) ستمبر 1965 کی جنگ کے 13 ویں روز بھارتی حکومت نے صحافیوں کو جنگی علاقوں میں (بقیہ نمبر 7 صفحہ نمبر 2 پر)

بلوچستان میں سرکاری ملازمتوں کی مبینہ خرید و فروخت کا معاملہ پھر گرم ہو گیا

وزیر خوراک بلوچستان نور محمد نے محکمہ جنگلات میں ملازمتوں کی مبینہ فروخت کا الزام لگایا

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں سرکاری ملازمتوں کی مبینہ خرید و فروخت کا معاملہ ایک بار پھر گرم ہو گیا۔ تفصیلات کے مطابق وزیر خوراک بلوچستان نور محمد نے محکمہ جنگلات میں ملازمتوں کی مبینہ فروخت کا الزام لگایا ہے اس حوالے سے نور محمد نے بتایا کہ (بقیہ نمبر 9 صفحہ نمبر 2 پر)

شاہرگ، کوئلہ کان میں دھماکے سے 4 کانکن جاں بحق 5 شدید زخمی

زخمیوں کو ابتدائی طبی امداد کے بعد کوئٹہ ریفر کر دیا گیا۔ مقامی انتظامیہ مزید کارروائی کر رہے ہیں

کوئٹہ (این این آئی) شاہرگ میں کوئلہ کان میں گیس بھرنے کے باعث دھماکے سے 4 کانکن جاں بحق جبکہ 5 شدید زخمی ہو گئے۔ ریسکیو ذرائع کے مطابق اتوار کو ہرنائی کے علاقے شاہرگ میں واقعہ پی ایم ڈی سی کول مائن 151 میں زہریلی گیس بھر جانے (بقیہ نمبر 8 صفحہ نمبر 2 پر)

12 ہزار غیر قانونی تارکین کو ان کے ملک واپس بھیجا گیا، سعودی عرب

غیر قانونی طور پر مملکت میں داخل ہونے کی کوشش پر ایک ہزار 273 افراد کو حراست میں لیا گیا، وزارت داخلہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے حکام نے اقامہ، لیبر اور بارڈر سکیورٹی کی مزید 14 ہزار 796 خلاف ورزیاں ریکارڈ کی ہیں اور 12 ہزار 57 غیر قانونی تارکین کو ان کے ملک واپس بھیج دیا۔ سعودی عرب کی وزارت داخلہ نے گزشتہ روز بیان میں بتایا کہ (بقیہ نمبر 11 صفحہ نمبر 2 پر)

سلامتی کونسل دہشت گردی کے خلاف موجود نظام سے خامیاں دور کرے، پاکستان

دہشت گردی کے فریم ورک میں خامیوں کو دور کرنے کے لیے پابندیوں کے موجودہ نظام کو مضبوط بنانے کی ضرورت ہے

القاعدہ کیخلاف سب سے نمایاں کامیابیاں پاکستان کی انسداد دہشتگردی کوششوں اور فعال تعاون کے ذریعے حاصل کی گئیں، عاصم افتخار

نیویارک (این این آئی) پاکستان نے دہشت گردی کے خلاف نئے، جامع اور دور اندیش بین الاقوامی ردعمل کا مطالبہ کرتے ہوئے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل پر زور دیا ہے کہ وہ دہشت گردی کے ابھرتے ہوئے خطرات سے نمٹنے کیلئے اپنے انسداد دہشت گردی کے ڈھانچے کو مضبوط بنائے اور پابندیوں کے موجودہ نظام (بقیہ نمبر 10 صفحہ نمبر 2 پر)

آئی ایم ایف کا پاکستان کے تمام اہداف پر اطمینان، پاکستانی آمد کی تصدیق نہیں ہو سکی

آئی ایم ایف جائزہ مذاکرات، پاکستان کو نئے اہداف اور شرائط سے آگاہ کیے جانے کا امکان، سرکاری اخراجات میں کمی کی شرط عائد کر رکھی ہے

آئی ایم ایف فی الحال پاکستان کے تمام اہداف پر اطمینان کا اظہار کر رہا ہے جس کی بڑی وجہ پاکستان کے بانڈز سے آگاہ کیے جانے کا امکان، سرکاری اخراجات میں کمی کی شرط عائد کر رکھی ہے

اسلام آباد/نیویارک (این این آئی) آئی ایم ایف مشن کی رواں ماہ پاکستان آمد کی تاحال تصدیق نہیں ہو سکی جبکہ وزارت خزانہ کے ذرائع کے مطابق امکان ہے کہ آئی ایم ایف کے ساتھ مذاکرات ورچوئلی ہوں۔ نجی ٹی وی نے ذرائع کے حوالے سے بتایا کہ آئی ایم ایف فی الحال پاکستان کے تمام اہداف پر اطمینان کا اظہار کر رہا ہے جس کی بڑی وجہ پاکستان کی جانب سے بانڈز کا اجرا ہے۔ ذرائع کے مطابق بجلی کے بڑھتے ہوئے گردشی قرضے کا معاملہ حکومت کے لیے بڑا چیلنج بن سکتا ہے اور مذاکرات کے دوران پاکستان کو گردشی قرضے پر سخت سوالات کا سامنا کرنا پڑ سکتا ہے۔ آئی ایم ایف نے سرکاری اخراجات میں کمی کی شرط عائد کر رکھی ہے، جس کے تحت وفاقی حکومت نے سرکاری اخراجات کم کرنے کے لیے اقدامات شروع کر دیے ہیں، سرکاری اخراجات میں (بقیہ نمبر 12 صفحہ نمبر 2 پر)

☆☆☆☆☆☆☆☆ اسلام آباد، سری نگر ہائی وے کو کنٹینر زرکھ کر بند کیا جا رہا ہے ☆☆☆☆☆☆☆☆

افغانستان پڑوسی ملک پاکستان کیخلاف دہشتگردی کا اہم مرکز بن چکا ہے، رپورٹ

القاعدہ اور دیگر دہشت گرد تنظیموں نے افغانستان کے کم از کم 14 صوبوں میں قدم جما لیے ہیں، واشنگٹن پوسٹ

اسلام آباد، واشنگٹن (این این آئی) امریکا کے مؤقر جریدے واشنگٹن پوسٹ نے اپنی رپورٹ میں کہا ہے کہ نائن الیون کے 25 سال بعد افغانستان ایک بار پھر القاعدہ کیلئے تربیتی مرکز بن رہا ہے۔ واشنگٹن پوسٹ کی خصوصی رپورٹ میں کہا گیا کہ طالبان رجیم کے اقتدار میں آنے کے بعد القاعدہ نے افغانستان میں کم از کم 8 نئے تربیتی مراکز قائم کیے (بقیہ نمبر 6 صفحہ نمبر 2 پر)

ایم کیو ایم بدترین ناکامی کے بعد صوبہ کارڈ کھیل رہی ہے، قادر پٹیل

عوامی حمایت کھونے پر ایم کیو ایم نے ہمیشہ تقسیم اور نئے صوبے کا شوشہ چھوڑا، ردعمل

کراچی (این این آئی) پاکستان پیپلز پارٹی کے رکن قومی اسمبلی قادر پٹیل نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم بدترین ناکامی کے بعد ایک بار پھر صوبہ کارڈ کھیل رہی ہے، ایم کیو ایم نے جب بھی عوامی حمایت کھوئی، تقسیم اور نئے صوبے کا شوشہ چھوڑا۔ ایم کیو ایم رہنما خالد مقبول صدیقی کے بیان پر ردعمل دیتے ہوئے قادر پٹیل نے کہا کہ مصطفیٰ کمال ماضی میں خود (بقیہ نمبر 14 صفحہ نمبر 2 پر)

خالد مقبول

پیٹرولیم لیوی کا پیٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں، حافظ نعیم الرحمٰن

پیٹرولیم لیوی کا پیٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں، ایک مافیائی سسٹم کے تحت چند افراد کو فائدہ پہنچانے کے لیے ظلم کیا جا رہا ہے

پیٹرولیم لیوی کو عوام نے بھتا ٹیکس قرار دیا ہے، ہر گزرتے دن کے ساتھ دھرنوں میں عوام کی تعداد بڑھ رہی ہے

اسلام آباد (این این آئی) امیر جماعت اسلامی حافظ نعیم الرحمٰن نے کہا ہے کہ پیٹرولیم لیوی کا پیٹرول کی قیمت سے کوئی تعلق نہیں، ایک مافیائی سسٹم کے تحت چند افراد کو فائدہ پہنچانے کے لیے ظلم کیا جا رہا ہے، پیٹرولیم لیوی کو عوام نے بھتا ٹیکس قرار دیا ہے، ہر گزرتے دن کے ساتھ دھرنوں میں عوام کی تعداد بڑھ رہی ہے، پورے ملک میں جماعت اسلامی کے دھرنے جاری ہیں، 36 شہروں میں دھرنے ہو رہے ہیں۔ 20 ستمبر کو اسلام آباد میں چاروں طرف سے آئیں گے۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے حافظ نعیم الرحمان نے کہا کہ پیٹرولیم لیوی کو عوام نے بھتا ٹیکس (بقیہ نمبر 13 صفحہ نمبر 2 پر)

کراچی، رینجرز اور سی ٹی ڈی کی کارروائیاں، 2 دہشتگرد ہلاک

کراچی (این این آئی) کراچی کے علاقے گلبائی شیر شاہ میں خفیہ معلومات پر رینجرز اور سی ٹی ڈی کی کارروائی میں فتنہ الخوارج سے تعلق رکھنے والا دہشت گرد ہلاک ہو گیا۔ ترجمان رینجرز کے مطابق ہلاک ہونے والے (بقیہ نمبر 15 صفحہ نمبر 2 پر)

ریاست مخالف بیانیے پر 100 سرکاری ملازمین برطرف

سرکاری مراعات حاصل کرنے کے باوجود پاکستان کے خلاف زہر اگلنے کا سلسلہ برداشت نہیں کیا جائے گا، بابر یوسفزئی

کوئٹہ (این این آئی) محکمہ داخلہ حکومت بلوچستان نے ریاست مخالف بیانیہ چلانے کے خلاف کارروائی کرتے ہوئے 100 سرکاری ملازمین کو ملازمتوں سے برطرف کر دیا، برطرف ہونے والوں میں 95 یونیورسٹی اساتذہ بھی شامل ہیں۔ معاون (بقیہ نمبر 16 صفحہ نمبر 2 پر)

مسجد اقصیٰ پر یہودی انتہا پسندوں کا دھاوا، 480 افراد صحن میں داخل

صبح 480 یہودی انتہا پسند مسجد اقصیٰ کے صحن میں داخل ہوئے

القدس میئر آفس کے مطابق یہودی انتہا پسندوں نے مسجد اقصیٰ کے صحن میں تلمودی رسومات بھی ادا کیں

مقبوضہ بیت المقدس (این این آئی) مقبوضہ بیت المقدس میں سیکڑوں یہودی انتہا پسندوں نے مسجد اقصیٰ پر دھاوا بول دیا۔ عرب میڈیا کے مطابق اتوار کی صبح 480 یہودی انتہا پسند مسجد اقصیٰ کے صحن میں داخل ہوئے۔ القدس میئر آفس کے مطابق یہودی انتہا پسندوں نے مسجد اقصیٰ کے صحن میں تلمودی رسومات بھی ادا کیں۔ عرب میڈیا کے مطابق اتوار کی صبح 480 یہودی انتہا پسند مسجد اقصیٰ کے صحن میں داخل ہوئے۔ القدس میئر آفس کے مطابق یہودی انتہا پسندوں نے مسجد اقصیٰ کے صحن میں تلمودی رسومات بھی ادا کیں۔



ہری پور، پائن سٹی کے قریب جھیل کا خوبصورت منظر

بلوچستان میں گندم کے بحران کا خطرہ منڈلانے لگا

حکومت کے پاس سرکاری گودام میں گندم کی ایک بوری بھی موجود نہیں

فنڈز کی دستیابی کے ساتھ ہی پاسکو سیگندم کی خریداری کو حتمی شکل دی جائیگی، حکام کا موقف

کوئٹہ (این این آئی) بلوچستان میں گندم کے بحران کا خطرہ منڈلانے لگا۔ محکمہ اجناس کے مطابق بلوچستان حکومت نے 5 لاکھ بوری گندم کی خریداری کی منظوری دی ہے، حکومت کے پاس سرکاری گودام میں گندم کی ایک بوری بھی موجود نہیں۔ محکمہ اجناس کا کہنا ہے کہ منظوری کے باوجود تاحال محکمہ خزانہ نے پیسے ریلیز نہیں کیے۔ دوسری جانب حکام کا کہنا ہے کہ فنڈز کی دستیابی کے ساتھ ہی پاسکو سیگندم کی خریداری کو حتمی شکل دی جائیگی۔ گندم کی خریداری اور مقامی گوداموں میں ترسیل کیلئے ایک ماہ کا وقت درکار ہوگا۔

یمن میں حالات ابتر، امریکا صرف باہر بیٹھ کر صورتحال دیکھ رہا ہے، یمنی فیر

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں یمن کے سفیر محمد مطہر الاشبحی نے کہا ہے کہ یمن میں حالات انتہائی ابتر ہیں۔ اپنے بیان میں یمنی سفیر مطہر الاشبحی نے کہا کہ امریکا یمن کے معاملے پر صرف باہر بیٹھ کر صورتحال دیکھ رہا ہے، تیل کی بین الاقوامی گزرگاہ باب (بقیہ نمبر 17 صفحہ نمبر 2 پر)

آٹے کی ترسیل میں رکاوٹیں دور اور نرخوں میں کمی لائی جائے، پشتونخوا میپ

مارکیٹ میں گندم کی قلت اور ذخیرہ نہ ہونے کے باعث آٹے کی قیمتیں کم نہیں ہو رہیں، صوبائی بیان

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں آٹے کی قیمتوں میں کمی نہ آنا اور پنجاب و سندھ سے بلوچستان کو آٹے کی ترسیل نہ ہونے پر سخت افسوس اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور فلور ملز کی جانب سے آٹے کی قیمتوں میں مزید کمی نہ کرنے کا بیان انتہائی افسوسناک ہے (بقیہ نمبر 18 صفحہ نمبر 2 پر)

☆☆☆☆☆☆☆☆ اسلام آباد، گورنر خیبر پختونخوا فیصل کریم کنڈی سے پیپلز پارٹی کے رہنما میر چنگیز جمالی ملاقات کر رہے ہیں ☆☆☆☆☆☆☆☆

☆☆☆☆ پشاور، وزیر اعلیٰ خیبر پختونخوا سہیل آفریدی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں ☆☆☆☆

کوہِ یار

Email: koheyaar@gmail.com

اپنا اپنا کام

11 ستمبر کو قائداعظم محمد علی جناح کی 78 ویں برسی عقیدت و احترام سے منائی گئی۔ جناب صدر اور جناب وزیراعظم نے خصوصی پیغامات جاری کیے جن میں قائد کے سنہری اصولوں اتحاد، ایمان اور تنظیم سے وابستگی کا عہد دہرایا گیا اور قوم کو یقین دلایا گیا کہ

مجیب الرحمٰن شامی

پاکستان کو ایک اسلامی فلاحی اور جمہوری مملکت بنانے کا سفر جاری رہے گا۔ مختلف سیاسی جماعتوں کے رہنماؤں نے بھی اپنے اپنے انداز اور الفاظ میں قائد کے تصورات کے مطابق پاکستان کی تعمیر کا عہد کیا۔ چھوٹے بڑے شہروں میں کئی چھوٹے بڑے اجتماعات ہوئے جن میں پاکستان کو ایک مثالی جمہوریت بنانے کا عہد کیا گیا۔ مختلف مقررین نے اپنے سامعین کو گرمایا اور آگے بڑھنے کے لیے اُکسایا۔ ادارہ نظریہ ؟ پاکستان کے زیر اہتمام 'ایوانِ قائداعظم' میں کہ یہ لاہور شہر میں تعمیر ہونے والا سب سے وسیع قومی ایوان ہے تحریک پاکستان کے نامور کارکن میاں فاروق الطاف کے زیر صدارت ایک بڑا جلسہ ہوا جس میں نوجوانوں کی کثیر تعداد شریک تھی۔ ایک بڑی یونیورسٹی کے بڑے پروفیسر ڈاکٹر عابد شیروانی نے اس سے خطاب کرتے ہوئے قائد کا یہ فرمان پُرزور انداز میں دہرایا ''کام، کام اور کام''۔ ان کا کہنا تھا کہ ہم سب کو کام کرنے کی عادت ڈالنی چاہیے۔ قائداعظم آخری سانس تک' بیماری کے باوجود کام کرتے رہے۔ پاکستان کی تعمیر کیلئے ہر شخص کو کام میں جت جانا ہوگا۔ ان کی تائید کرتے ہوئے عرض کیا گیا کہ یہ تو درست ہے کہ قائد نے کام، کام اور کام کرنے پر زور دیا تھا لیکن اس کے ساتھ یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ ہر شخص اور ہر ادارے کو اپنا اپنا کام کرنا ہے۔ دستورِ پاکستان نے جس کی جو ذمہ داری متعین کی ہے' اس کے مطابق اس کو محنت کرنی ہے اگر الف کا کام ب اور ب کا کام ج کرنے لگے گا تو پھر سب کام چوپٹ ہو جائیں گے۔ پاکستان میں ماشاء اللہ اللہ دم نے بہت کچھ حاصل کیا ہے' اپنے سے کئی گنا بڑے حملہ آور کے دانت کھٹے کر کے اپنا لوہا منوایا ہے۔ ہماری دفاعی صلاحیت کے سب معترف ہیں۔ افواجِ پاکستان کو دنیا کی بہترین افواج میں شمار کیا جاتا ہے۔ پاکستان عالمِ اسلام کی واحد ایٹمی طاقت ہے۔ حالیہ ایران امریکہ جنگ میں اس کی سفارتی صلاحیتوں نے بھی اپنے آپ کو منوایا ہے۔ ترکیہ اور سعودیہ کے ساتھ طے پانے والا دفاعی الائنس دنیا بھر کی توجہ کا مرکز بنا ہوا ہے۔ عالمِ اسلام میں اتحاد اور یگانگت کی ایک نئی لہر اُبھر رہی ہے۔ اس معاہدے کو وسعت دے کر عالمِ اسلام کے اتحاد کے دیرینہ خواب کی تعبیر تلاش کی جاسکتی ہے۔ علامہ اقبال نے برسوں پہلے واضح کر دیا تھا کہ سلطنتِ عثمانیہ کے خاتمے کے بعد اب عالمِ اسلام کا اتحاد مختلف ممالک کی آزادی اور خود مختاری کا تحفظ کرتے ہوئے ہی ممکن ہوگا گویا ان کی ''اقوام متحدہ'' قائم کر کے ان کے درمیان تعاون کو فروغ دیا جاسکے گا۔ پاکستان' سعودیہ اور ترکیہ نے ایک دوسرے کا ہاتھ پکڑ کر یہ اعلان کر دیا ہے کہ ان میں سے کسی ایک پر حملہ دوسرے پر حملہ سمجھا جائے گا۔ اس طرح ایک ایسا دفاعی حصار قائم کیا گیا ہے' جو کسی بھی حملہ آور کو حملہ کرنے سے پہلے سو بار سوچنے پر مجبور کرے گا۔ جوں جوں مسلمان ملک اس لڑی میں خود کو پروتے جائیں گے' ان کے اثر و رسوخ اور صلاحیتوں میں اضافہ ہوتا چلا جائے گا۔ ان سب کا مرانیوں اور کامیابیوں کے باوجود پاکستان اپنے داخلی مسائل پر قابو پانے میں کامیاب نہیں ہو رہا۔ بکھری ہوئی سیاست بہت کچھ بکھیر دینے پر تلی نظر آتی ہے۔ اس کی بنیادی وجہ یہی ہے کہ ہم سب اپنا اپنا کام نہیں کر رہے' دوسروں کے کام میں مداخلت کو فرضِ اولین سمجھ بیٹھے ہیں۔ ہمارے اہلِ سیاست کو بھی اس کا ادراک کرنا چاہیے اور ان کو بھی جن کو سیاست سے الگ رہنے کی تلقین کی گئی ہے۔

ہماری حکومت اور اپوزیشن کے درمیان تعلقات کار قائم نہیں ہو پاتے' دونوں ایک دوسرے کو نیچا دکھانے میں لگے رہتے ہیں۔ وزیراعظم نام کی مخلوق کی عجب درگت بنائی گئی ہے۔ اس کیلئے جیل یا تزلا لازم قرار دے دی گئی ہے۔ کوئے یار سے نکلے تو سوئے دار چلے۔ ایوانِ وزیراعظم سے نکلنے (یا نکالے جانے) والے ہر شخص کو حوالۂ ؟ زنداں کرنا ہماری سیاست کا بنیادی اصول قرار پا چکا ہے۔ زنداں خانے سے ایوانِ اقتدار تک پہنچنے کا راستہ بھی مسدود نہیں ہوا۔ جیو اور جینے دو کی گردان تو بہت کی جاتی ہے لیکن اس پر عمل دکھائی نہیں دیتا۔ قائد کی ساری جدوجہد آئین اور قانون کے دائرے میں رہی' اسی لیے انہوں نے قیدو بند کا مزہ نہیں چکھا۔ ان کے قائم کردہ ملک میں آئین اور قانون کے تحت زندگی منظم نہیں ہوگی تو چین نصیب نہیں ہوگا۔

آئین سے ماوراء اقدامات تجویز کرنا اور ان کے ذریعے فلاح کا راستہ تلاش کرنا ایک ایسی بدعت ہے جس نے ہمیں ماضی میں شدید نقصان پہنچایا ہے' یہ روش برقرار رہی تو مستقبل بھی خطرات سے دوچار ہو سکتا ہے۔ ہر مسئلے کا حل آئین کے اندر رہتے ہوئے تلاش کرنا ہمارا قومی شعار ہونا چاہیے۔ ڈاکٹر مکان کا نقشہ نہیں بنا سکتا اور آرکیٹیکٹ کسی مرض کا علاج نہیں کر سکتا۔ معدہ جگر کی جگہ اور جگر دل کی جگہ نہیں لگایا جا سکتا۔ سارے اعضا اپنا اپنا کام کریں گے تو سب کا کام چلتا رہے گا۔ ایک دوسرے کی جگہ لینے کی کوشش عجیب الخلقت بچوں کو تو جنم دے سکتی ہے' کوئی مایہ ناز مخلوق تخلیق نہیں کر سکتی۔ اپنا اپنا کام کیجئے اور آگے بڑھتے جایئے۔ صدیوں کا تجربہ یہی بتا رہا ہے' جس کا کام اسی کو ساجھے اور کرے تو ٹھینگا باجے۔

''عجز عاجزانہ''

جناب عابد حسین قریشی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے طور پر ریٹائر ہوئے لیکن اس کے بعد قلم کے محاذ پر ڈٹے فراست دینے لگے۔ ایک جج کے طور پر تو ان کی توجہ کا مرکز وہ مقدمات تھے جن کا فیصلہ انہیں کرنا ہوتا تھا۔ ان کی معاملہ فہمی اور عدل گستری کا چرچا دُور دُور تک پھیلا' لوگ ان کو جانتا اور مانا جانے لگا۔ ریٹائرمنٹ کے بعد ان کا قلم فراٹے بھرنے لگا۔ ''عدل بیتی'' کے زیر عنوان خود نوشت چھپی تو پھر کالموں کا مجموعہ ''تحاملِ عادلانہ'' منظر عام پر آگیا۔ ان کا شمار بڑے ادیبوں اور کالم نگاروں میں ہونے لگا۔ اب ''عجز عاجزانہ'' کے زیر عنوان ان کی تازہ تصنیف نے مقبولیت کے نئے ریکارڈ قائم کر دیے ہیں۔ قرآن' صاحبِ قرآن اور اہلِ بیت کے حوالے سے انہوں نے جو کچھ لکھ ڈالا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے' اس کی لذت اس کے مطالعے میں ہے۔ رسول اللہ کی شان میں وہ الفاظ جو ان کے قلم سے نکلے ہیں' بڑی بڑی کتابوں پر بھاری ہیں۔ عاشقانِ رسول کے لیے یہ تحفہ خاص ہے اللہ اگر توفیق نہ دے انسان کے بس کا کام نہیں۔

چند الفاظ کا لطف اٹھایئے اور اپنے آپ کو معطر کیجئے: ''ایک عام انسان اور انسانِ کامل میں بنیادی فرق ہی کردار کی پختگی' عمل کی طاقت' صبر کی توفیق' شکر کی چاشنی' عجز و انکسار کی رعنائی' سوچ و فکر کی پاکیزگی' بصیرت کی گہرائی' دیانت و امانت کی چھاپ اور صداقت کی رعنائی میں پنہاں اور پوشیدہ ہے۔ ان ساری خوبیوں اور صفات سے مرصع اس کائنات میں ایک ہی ہستی ہے کہ جن کی حیاتِ مبارکہ کا ایک ایک لمحہ تاریخ کے اوراق میں محفوظ ہو کر پوری آب و تاب کے ساتھ جگمگا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو پوری کائنات میں یگانہ اور عدیم النظیر بنایا اور صدف ادکان کو آپ جیسا موتی آج تک نصیب نہیں ہوا''۔

☆☆☆

احکامات پر سختی سے عملدرآمد یقینی بنائیں اور کسی بھی تنظیم کی جانب سے تقریب یا سرگرمی منعقد نہ ہونے دیں۔ ڈائریکٹوریٹ نے واضح کیا ہے کہ احکامات کی خلاف ورزی کی صورت میں ذمہ دار افراد کے خلاف بلوچستان ایمپلائز ایفیشنسی اینڈ ڈسپلن (B E E D A) رولز کے تحت محکمانہ کارروائی عمل میں لائی جائے گی۔ مراسلے کی نقول وزیر تعلیم بلوچستان، سیکرٹری کالجز اینڈ ہائر ایجوکیشن، ڈائریکٹر کالجز اینڈ ہائر ایجوکیشن کے پرسنل سیکرٹری اور ماسٹر فائل کو بھی ارسال کی گئی ہیں۔

بقیہ کوہِ یار 04

ہے، جہاں سے ایران پر حملے ہوتے ہیں، یہ امریکا ہے جو ہمارے خطے میں داخل ہوا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے دوست پڑوسی ممالک کو اپنی سرزمین سے ایران پر حملوں کی اجازت نہیں دینی چاہیے۔ ہم خطے کے تمام ممالک سے خوشگوار تعلقات چاہتے ہیں لیکن امریکا ایسا ہونے نہیں دینا چاہتا۔ مسعود پزشکیان نے یہ بھی کہا کہ امریکا خطے کے پیٹرولیم ذخائر کو اپنے استعمال میں لانا چاہتا ہے، امریکا اپنے ہتھیار میزائل فروخت کر کے خطے کا امن و استحکام تباہ کرنا چاہتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ علاقائی سیکیورٹی کے لیے خطے کے ممالک کو خود مل کر کام کرنا چاہیے، امریکا دنیا کو بتاتا ہے کہ ایران جوہری ہتھیار بنا کر دنیا تباہ کرنا چاہتا ہے۔ دنیا دیکھ لے کہ غزہ اور لبنان میں روز قتلِ عام کون کر رہا ہے۔ ایرانی صدر نے کہا کہ پاکستان دوست ہمسایہ ملک ہے، جس نے امن کے لیے بہت مدد کی، قطر نے بھی مدد کی۔ اسلام آباد مفاہمتی یادداشت کے بعد بھی ہم سے دوبارہ مذاکرات کا مطالبہ سمجھ سے باہر ہے۔ انہوں نے کہا کہ مفاہمتی یادداشت میں ہم نے امریکی پابندیاں ختم ہونے کا لکھا تھا، جو انہیں ختم کرنا ہوں گی۔ جنگ ہم نے شروع نہیں کی تھی، جارحیت امریکا کو ہی ختم کرنا ہوگی۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ ہاں جوہری معاملات کے لیے ہمیں بیٹھ کر بات کرنی تھی، اس کے لیے ہم تیار ہیں، امریکا سے براہ راست مذاکرات کے بارے میں ہم کوئی فیصلہ نہیں کر سکتے۔ انہوں نے کہا کہ امریکا نے ایرانی عوام کے دلوں میں بسنے والے رہنما کا قتل کیا ہے جو کبھی نہیں بھلایا جا سکتا، واشنگٹن پہلے دن سے ہماری حکومت گرانا چاہتا ہے۔ ایرانی صدر نے کہا کہ ہماری سعودی عرب سے جنگ نہیں، حوثیوں کے اپنے مسائل ہیں، جب یورپی ممالک ایک ساتھ مل کر اپنی سیکیورٹی، تجارت کیلئے قوانین بنا سکتے ہیں تو ہم کیوں نہیں۔ انہوں نے کہا کہ ہمارے رہبر اعلیٰ زندہ ہیں اور پہلے کی طرح نظام کے اندر اپنا کردار ادا کر رہے ہیں۔ دشمن ان کے ٹھکانے کا سراغ لگانے میں ناکام رہا اسی لیے مختلف قیاس آرائیاں کر رہا ہے۔ مسعود پزشکیان نے کہا کہ ہمیں تلاش کرنا ہمارا قومی شعار ہونا چاہیے۔ ڈاکٹر مکان کا نقشہ نہیں بنا سکتا اور آرکیٹیکٹ کسی مرض کا علاج نہیں کر سکتا۔ معدہ جگر کی جگہ اور جگر دل کی جگہ نہیں لگایا جا سکتا۔ سارے اعضا اپنا اپنا کام کریں گے تو سب کا کام چلتا رہے گا۔ ایک دوسرے کی جگہ لینے کی کوشش عجیب الخلقت بچوں کو تو جنم دے سکتی ہے' کوئی مایہ ناز مخلوق تخلیق نہیں کر سکتی۔ اپنا اپنا کام کیجئے اور آگے بڑھتے جایئے۔ صدیوں کا تجربہ یہی بتا رہا ہے' جس کا کام اسی کو ساجھے اور کرے تو ٹھینگا باجے۔

''عجز عاجزانہ''

جناب عابد حسین قریشی ڈسٹرکٹ اینڈ سیشن جج کے طور پر ریٹائر ہوئے لیکن اس کے بعد قلم کے محاذ پر ڈٹے فراست دینے لگے۔ ایک جج کے طور پر تو ان کی توجہ کا مرکز وہ مقدمات تھے جن کا فیصلہ انہیں کرنا ہوتا تھا۔ ان کی معاملہ فہمی اور عدل گستری کا چرچا دُور دُور تک پھیلا' لوگ ان کو جانتا اور مانا جانے لگا۔ ریٹائرمنٹ کے بعد ان کا قلم فراٹے بھرنے لگا۔ ''عدل بیتی'' کے زیر عنوان خود نوشت چھپی تو پھر کالموں کا مجموعہ ''تحاملِ عادلانہ'' منظر عام پر آگیا۔ ان کا شمار بڑے ادیبوں اور کالم نگاروں میں ہونے لگا۔ اب ''عجز عاجزانہ'' کے زیر عنوان ان کی تازہ تصنیف نے مقبولیت کے نئے ریکارڈ قائم کر دیے ہیں۔ قرآن' صاحبِ قرآن اور اہلِ بیت کے حوالے سے انہوں نے جو کچھ لکھ ڈالا ہے وہ اپنی مثال آپ ہے' اس کی لذت اس کے مطالعے میں ہے۔ رسول اللہ کی شان میں وہ الفاظ جو ان کے قلم سے نکلے ہیں' بڑی بڑی کتابوں پر بھاری ہیں۔ عاشقانِ رسول کے لیے یہ تحفہ خاص ہے اللہ اگر توفیق نہ دے انسان کے بس کا کام نہیں۔

چند الفاظ کا لطف اٹھایئے اور اپنے آپ کو معطر کیجئے: ''ایک عام انسان اور انسانِ کامل میں بنیادی فرق ہی کردار کی پختگی' عمل کی طاقت' صبر کی توفیق' شکر کی چاشنی' عجز و انکسار کی رعنائی' سوچ و فکر کی پاکیزگی' بصیرت کی گہرائی' دیانت و امانت کی چھاپ اور صداقت کی رعنائی میں پنہاں اور پوشیدہ ہے۔ ان ساری خوبیوں اور صفات سے مرصع اس کائنات میں ایک ہی ہستی ہے کہ جن کی حیاتِ مبارکہ کا ایک ایک لمحہ تاریخ کے اوراق میں محفوظ ہو کر پوری آب و تاب کے ساتھ جگمگا رہا ہے۔ اللہ تعالیٰ نے آپ کو پوری کائنات میں یگانہ اور عدیم النظیر بنایا اور صدف ادکان کو آپ جیسا موتی آج تک نصیب نہیں ہوا''۔

☆☆☆

بقیہ کوہِ یار 01

موجود ہیں، صوبوں کی تقسیم کے حق میں ن لیگ کی جانب سے کوئی بڑی بات سامنے نہیں آئی، صوبوں کے معاملے پر پیپلز پارٹی کو سیاسی فائدہ ہوا، کینال پراجیکٹ پر صدر زرداری نے حمایت کی، عوامی احتجاج کے بعد پراجیکٹ بند کروا دیا گیا۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ پانی پی ٹی آئی کے ساتھ پس پردہ گفتگو ہو رہی ہوگی، پانی پی ٹی آئی سے پس پردہ گفتگو اپنانے کی ایک قیمت ہے، قیمت چکانا پڑے گی۔ انہوں نے کہا کہ تحریک انصاف پسلج ہو کر اسلام آباد آنے کی تیاری کر رہی ہے، فتنہ الخوارج مبینہ طور پر ہندوستان کے اسپانسرڈ ہیں، فتنہ الخوارج پی ٹی آئی کی ریلی کو ٹارگٹ بنا کر حکومت اور عوام میں دوری پیدا کر سکتے ہیں، تحریک انصاف کا احتجاج نکلے تو کریک ہو جائے گا۔ انہوں نے مزید کہا کہ وفاقی وزیر داخلہ کابینہ یا سینیٹ میں بات کریں گے تو ان سے جواب لے لیں گے، وفاقی وزیر شیخ قیصر میرے سامنے ہر دوسرے دن شہباز شریف سے ملتے ہیں، شیخ قیصر کے اعتراضات یا شہباز شریف سے ملاقات نہ ہونے کی مجھے سمجھ نہیں آ رہی۔ رانا ثنا اللہ نے کہا کہ کچھ چیزیں غور و خوض کے لیے ہوتی ہیں، ہر چیز پبلک نہیں کرنی چاہیے۔

بقیہ کوہِ یار 02

گاڑی کا رجسٹریشن نمبر، صوبائی کوڈ اور گاڑی کی رجسٹریشن کی تاریخ فراہم کرنا ہوگی۔ کامیاب رجسٹریشن کی صورت میں شہری کو تصدیقی پیغام موصول ہوگا۔ رعایتی پٹرول حاصل کرنے کے لیے شہریوں کو پٹرول پمپ جانے سے قبل موبائل فون سے TOL لکھ کر 9771 پر پیغام بھیجنے اور موصول ہونے والا فیول ٹوکن پٹرول پمپ پر دکھانے کا طریقہ کار بھی بتایا گیا ہے۔ فراہم کردہ شیڈول کے مطابق اسلام آباد میں رعایتی پٹرول کی فراہمی پیر اور منگل کی درمیانی شب سے جبکہ ملک کے دیگر علاقوں میں بدھ اور جمعرات کی درمیانی شب سے شروع ہونے کا دعویٰ کیا گیا ہے۔ حکومت کے مطابق خصوصی ریلیف اسکیم کا مقصد موجودہ معاشی حالات میں محنت کش طبقے پر پٹرول کی بڑھتی قیمتوں کا بوجھ کم کرنا اور سبسڈی کی فراہمی کو جدید ڈیجیٹل نظام کے ذریعے شفاف بنانا ہے

بقیہ کوہِ یار 03

کی پیشگی اجازت کے بغیر سختی سے ممنوع ہے۔ مراسلے میں تمام کالجز کے پرنسپلز کو ہدایت کی گئی ہے کہ وہ اپنے متعلقہ اداروں میں مذکورہ

دنیا میں امریکہ کا متبادل موجود نہیں!

سید مجاہد علی

امریکی صدر ڈونلڈ ٹرمپ نے دعویٰ کیا ہے کہ یمن کے حوثیوں نے امریکہ سے رابطہ کر کے یمن میں مداخلت نہ کرنے کی درخواست کی ہے۔ انہوں نے یہ بھی کہا کہ 'ہماری بات چیت ہوئی ہے۔ حوثیوں نے ہم سے رابطہ کیا ہے اور وہ ہم سے لڑنا نہیں چاہتے۔ وہ نہیں چاہتے کہ ہم ان پر حملہ کریں'۔

آئرلینڈ پہنچنے پر میڈیا سے باتیں کرتے ہوئے امریکی صدر نے اس امید کا اظہار بھی کیا کہ خطے میں 'سب کچھ اچھا اور شاندار انداز میں آگے بڑھے گا'۔ اگرچہ وہ اس بات کی وضاحت کرنے میں ناکام رہے کہ یہ سب کچھ کیسے ہوگا۔ یمن کے حوثیوں نے گزشتہ چند دنوں میں کامیاب پیش قدمی کی ہے اور ساحلی علاقوں کو اپنے قبضے میں لے کر باب المندب کی آبی گزرگاہ کو سعودی عرب کے علاوہ سب کے لیے طلار کھنے کا اعلان کیا ہے۔ اس طرح حوثی اپنے طور پر سعودی عرب کی معاشی حصار بندی کر چکے ہیں۔ اگرچہ اس اقدام سے وہ سب ممالک متاثر ہوں گے جو اس راستے سے سعودی تیل حاصل کرتے ہیں لیکن ایران کی پراکسی کے طور پر شہرت پانے والے حوثی قبائل درحقیقت سعودی عرب کو چوٹ پہنچانا چاہتے ہیں۔ اگر یہ سلسلہ جاری رہتا ہے تو سعودی عرب کے لیے اپنی سلامتی اور معاشی مفاد کے لیے اقدام کرنا ناگزیر ہو جائے گا۔ اس حوالے سے مکہ معاہدہ کو فعال کرنے کی بات بھی ہوتی رہی ہے جس میں پاکستان اور ترکیہ نے سعودی عرب کے ساتھ مل کر یہ عہد کیا ہے کہ ایک فریق پر حملہ سب پر حملہ تصور ہوگا۔

تاہم سعودی ولی عہد محمد بن سلمان نے گزشتہ روز امریکہ صدر سے دوبار ٹیلی فون پر گفتگو کی۔ سعودی عرب طویل عرصہ سے امریکہ کا قریب ترین حلیف رہا ہے اور صدر ٹرمپ کے برسر اقتدار آنے کے بعد امریکہ میں ایک ہزار ارب ڈالر کی سرمایہ کاری کا اعلان کر چکا ہے۔ امریکہ اور سعودی عرب کے درمیان دفاعی معاہدہ بھی موجود ہے اور امریکی فوجی اڈے بھی سعودی عرب میں قائم ہیں۔ امریکہ مشرق وسطیٰ میں سیاسی تبدیلیوں پر اثر انداز ہونے کی کوششیں بھی کرتا رہا ہے۔ اس پس منظر میں شہزادہ محمد بن سلمان کے لیے امریکی امداد کی توقع کرنا فطری امر تھا۔ اس کے علاوہ یمن کے حوثی گزشتہ چند ہفتوں سے ایران کی حمایت میں امریکی 'مفادات' کو نقصان پہنچانے کے لیے متحرک ہوئے ہیں اور ان کا پہلا ہدف سعودی عرب ہے۔ حوثیوں کی حالیہ جنگ جوئی درحقیقت ایران کے خلاف امریکی جارحیت کو کمزور کرنے اور مشرق وسطیٰ میں اس کے اثر و رسوخ کو کم کرنے کے لیے شروع کی گئی ہے۔ آبنائے ہرمز کے بعد باب المندب کا آبی راستہ تیل کی سپلائی کے لیے بند ہونے کے دنیا بھر کی معیشت پر اثرات مرتب ہو سکتے ہیں۔ لیکن اس سنگین صورت حال کے باوجود امریکی صدر حوثیوں کے خلاف کارروائی پر آمادہ نہیں ہیں۔

امریکی خبر رساں ایجنسی ایگزیوس نے سعودی ولی عہد کی امریکی صدر سے بات چیت کی خبر دیتے ہوئے دعویٰ کیا ہے کہ ایم بی ایس نے صدر ٹرمپ سے حوثیوں کے خلاف کارروائی کرنے کی درخواست کی تھی تاکہ باب المندب کی اہم آبی گزر گاہ بھی ایران نواز گروہ کے ہاتھ میں نہ جائے۔ تاہم اسی خبر میں بتایا گیا ہے کہ صدر ٹرمپ نے سعودی ولی عہد کی درخواست مسترد کر دی۔ امریکی حکام کا کہنا ہے کہ فی الحال امریکی انتظامیہ حوثیوں کے خلاف براہِ راست فوجی کارروائی کا ارادہ نہیں رکھتی۔ اب صدر ٹرمپ نے آئرلینڈ پہنچنے پر جو بیان دیا ہے اس سے اس خبر کی بالواسطہ تائید ہوتی ہے۔ صدر ٹرمپ یوں ظاہر کر رہے ہیں جیسے حوثیوں کا رابطہ امریکی طاقت سے مرعوب ہونے کا اشارہ ہے لیکن حقیقت یہ ہے کہ صدر ٹرمپ خود اپنے طریقوں سے امریکی تمکنت اور اسٹریٹیجک مفادات کو شدید نقصان پہنچا رہے ہیں۔ سعودی عرب جیسے حلیف کو غیر محفوظ چھوڑ کر درحقیقت امریکہ نے یہ واضح کیا ہے کہ کوئی ملک امریکہ پر اعتبار نہیں کر سکتا۔ یہ صورت حال اگرچہ طویل المدت منظر نامہ میں مشرق وسطیٰ سے امریکی اثر و رسوخ کم یا ختم کرنے میں سازگار ہو سکتی ہے لیکن ایران کے خلاف امریکی جنگ میں ایران کے پاسداران نے تمام عرب ممالک کو امریکہ دوستی کی وجہ سے دشمن قرار دیا ہے اور ان پر لگاتار حملے کر کے بے یقینی اور بحران کی صورت حال پیدا کی ہے۔ لیکن ٹرمپ کبھی جنگ، کبھی نومبر کے انتخابات کے بعد ختم ہونے کی بات کرتے ہیں اور کبھی آبنائے ہرمز پر کنٹرول بحال کرنے کی بے سروپا خبر اڑاتے ہیں۔ امریکہ کی لاتعلقی کے باوجود دنیا کی کوئی طاقت یا ممالک کا کوئی گروہ متبادل سامنے لانے میں کامیاب نہیں ہو سکا۔ چین اور روس سمیت یورپی و دیگر بڑے ممالک کی طرف سے اس بحران میں خاموش تماشائی بننے کے رویہ نے واضح کیا ہے کہ اب بھی دنیا میں امریکہ کا کوئی عسکری یا معاشی مدمقابل نہیں ہے۔ اسی لیے امریکی صدر ہر معاملہ میں من مانی کرنے اور غلط فیصلوں کو درست قرار دینے میں مصروف ہیں۔ امریکی طاقت پر بیشتر ممالک کے انحصار اور متعدد ممالک کی طرف سے امریکہ سے براہ راست کوئی تنازعہ نہ لینے کی حکمت عملی نے اس وقت پوری دنیا کے معاشی نظام کو بے یقینی کا شکار کیا ہوا ہے۔ ایران پر حملہ امریکہ کی سنگین غلطی تھی لیکن اس کی قیمت عرب ممالک کے علاوہ ان تمام ممالک کو ادا کرنا پڑ رہی ہے جو تیل کی بڑھی ہوئی قیمتوں کی وجہ سے اپنے عوام کی ضرورتیں پوری کرنے میں ناکام ہو رہے ہیں۔ لیکن چین یا کوئی بھی دوسرا ملک اس جنگ کے خلاف براہ راست کوئی ایسا قدم اٹھانے میں کامیاب نہیں ہوا جس سے امریکہ کو پسپا ہونے پر مجبور اور ایران کو ناجائز طور سے ہمسایہ ممالک کو ہراساں کرنے سے روکا جا سکتا۔

اسی ماحول میں نئی دہلی میں برکس ممالک کا سربراہی اجلاس شروع ہوا ہے۔ یہ معاشی اتحاد 11 ممالک پر مشتمل ہے جن میں برازیل، روس، بھارت، چین، جنوبی افریقہ، ارجنٹائن، مصر، ایتھوپیا، ایران، سعودی عرب اور متحدہ عرب امارات شامل ہیں۔ اس کے باوجود نہ تو یہ اتحاد امریکہ کو چیلنج کر پا رہا ہے اور نہ ہی اس گروپ میں شامل ملکوں کو باہم دست و گریباں ہونے سے روکنے کی صلاحیت کا مظاہرہ کر سکا ہے۔ اجلاس اگرچہ دو روز جاری رہے گا لیکن پہلے ہی روز ایک اعلامیہ میں برکس ممالک نے عالمی تجارت کے لیے مل جل کر کام کرنے کی ضرورت پر زور دیا ہے۔ ایک مشترکہ اعلامیہ میں چین، روس، بھارت اور دیگر طاقتوں سمیت گیارہ ممالک کے اس اتحاد نے واضح کیا کہ انرجی کی فراہمی اور دیگر ساز و سامان کی ترسیل میں رکاوٹ حائل نہیں ہونی چاہیے۔ اعلامیہ میں بڑھتے ہوئے تصادم اور کشیدگی کی صورت حال پر شدید تشویش کا اظہار کیا گیا ہے۔ اجلاس میں شرکت کے لیے نئی دہلی پہنچنے پر چین کے صدر زی جن پنگ نے کہا کہ 'مشرق وسطیٰ کی جنگ عالمی مفادات کے خلاف ہے'۔

اس سے علاقے کے لوگوں کو بہت نقصان ہو رہا ہے۔ تاہم برکس اتحاد کی طرح چینی صدر بھی جنگ ختم کرنے یا امریکی تسلط کو چیلنج کرنے کا کوئی اشارہ دینے میں ناکام رہے۔

برکس کو عام طور سے امریکہ کے زیر انتظام چلنے والے عالمی نظام کے متبادل کے طور پر دیکھنے کی کوشش کی جاتی رہی ہے۔ لیکن اگر کوئی اتحاد عالمی جنگوں اور عالمی معیشت کو لاحق خطرات کو چیلنج کرنے اور ان کا متبادل فراہم کرنے میں ناکام ہوتا ہے تو اس سے امریکہ کی پوزیشن کم ہونے کی بجائے زیادہ مستحکم ہوگی اور وہ اپنے گھمنڈ میں مزید غلط فیصلے دنیا پر مسلط کرتا رہے گا

اس سال کے شروع میں ڈیوس کے اقتصادی فورم میں کینیڈا کے وزیر اعظم مارک کارنی نے ایک بھرپور اور مؤثر خطاب کیا تھا جس میں امریکہ جیسی بڑی طاقت کے سامنے بند باندھنے اور بنیادی انسانی اصولوں کے لیے حصار بنانے کی بات کی گئی تھی۔ ان کا کہنا تھا کہ 'ہمیں آپ کو یہ بتانا چاہتا ہوں کہ دوسرے ممالک، خصوصاً کینیڈا جیسے درمیانی درجے کی طاقت رکھنے والے ممالک، بے بس نہیں ہیں۔ ان میں ایسی نئی عالمی ترتیب تشکیل دینے کی صلاحیت موجود ہے جو ہماری اقدار کو اپنے اندر سموئے، جن میں انسانی حقوق کا احترام، پائیدار ترقی، باہمی یکجہتی، خودمختاری اور مختلف ریاستوں کی علاقائی سلامتیٰ شامل ہیں'۔ اسی تقریر میں ان کا کہنا تھا کہ درمیانی طاقت والے ممالک نے طویل عرصہ تک امریکہ کے زیر سایہ رہ کر بعض بنیادی اصولوں سے گریز کیا ہے تاہم اب وقت آگیا ہے کہ ایک بڑی طاقت کے استحصال اور دباؤ؟ کا حصار توڑا جائے اور معاملات اپنے ہاتھ میں لیے جائیں۔ اس تقریر پر تمام یورپی ممالک کے لیڈروں نے کھڑے ہو کر تالیاں بجا کر خیر مقدم کیا۔ اس کے باوجود یہ تقریر کرنے والے یا اس پر تالیاں بجانے والے لیڈر کوئی ایسی طاقت ور آواز بننے میں ناکام رہے ہیں جو امریکہ کے یک طرفہ فیصلوں کا کوئی متبادل راستہ فراہم کر سکے۔

اس وقت دنیا بالخصوص امریکہ جیسی سپر پاور کے غلط فیصلوں اور صدر ٹرمپ جیسے عاقبت نااندیش لیڈر کی غلطیوں کا خمیازہ بھگت رہی ہے لیکن یہ بھی واضح ہو رہا ہے کہ کوئی ابھی اس غلط حکمت عملی کو چیلنج کرنے پر تیار نہیں ہے۔ گویا دنیا میں امریکہ کا متبادل موجود نہیں۔ لہٰذا سعودی عرب ہو یا چین، اسے اپنے مستقبل کے لیے واشنگٹن کی طرف ہی دیکھنا پڑتا ہے۔

☆☆☆

بقیہ کوہِ یار 05

کے ذریعے اب تک مجموعی طور پر 2 ارب 13 کروڑ ڈالر واپس بھیجے جا چکے ہیں، جبکہ اگست کے دوران اکاؤنٹس سے ایک کروڑ 20 لاکھ ڈالر نکلوائے گئے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس میں جمع ہونے والی رقم میں سے اگست کے دوران 16 کروڑ 40 لاکھ ڈالر اور مجموعی طور پر 8 ارب 70 کروڑ ڈالر مقامی سطح پر استعمال کیے جا چکے ہیں۔ مرکزی بینک کے مطابق اگست 2026 تک روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس میں تقریباً 3 ارب ڈالر واجب الادا جمع ہیں۔ ایسے اعدادوشمار کے مطابق نیا پاکستان روایتی سرٹیفکیٹس میں مجموعی طور پر 71 کروڑ 60 لاکھ ڈالر جمع کروائے گئے، جبکہ نیا پاکستان اسلامی سرٹیفکیٹس میں ایک ارب 33 کروڑ 20 لاکھ ڈالر کی آمد ہوئی۔ روشن اکاؤنٹ انویسٹمنٹ کے ذریعے 16 کروڑ 60 لاکھ ڈالر کی سرمایہ کاری کی گئی، جبکہ گزشتہ چھ سال کے دوران روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس کے ذریعے مجموعی طور پر 2 ارب 20 کروڑ ڈالر سے زائد کی سرمایہ کاری کی جا چکی ہے۔ اسٹیٹ بینک کے مطابق روشن ڈیجیٹل اکاؤنٹس بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کو پاکستان میں بینکاری، سرمایہ کاری اور دیگر مالیاتی سہولیات تک رسائی فراہم کرنے کا اہم ذریعہ بن چکے ہیں۔

بقیہ کوہِ یار 06

، طالبان رجیم نے القاعدہ اور دیگر دہشت گرد گروہوں کیلئے افغانستان میں ایک مایوس کن ماحول پیدا کر رکھا ہے۔ رپورٹ کے مطابق القاعدہ کے محفوظ ٹھکانے اور تربیتی کیمپ افغانستان کے مختلف علاقوں میں دوبارہ فعال ہو رہے ہیں، القاعدہ اور دیگر دہشت گرد تنظیموں نے افغانستان کے کم از کم 14 صوبوں میں قدم جما لیے ہیں۔ واشنگٹن پوسٹ کے مطابق افغانستان میں القاعدہ اب صرف پناہ گاہ نہیں بلکہ دیگر دہشت گرد گروہوں کو تربیت اور مشاورت فراہم کرنے کا کردار ادا کر رہی ہے، القاعدہ افغانستان میں ٹی

اسکوپ 01

ٹرک برائے فروخت ماڈل 2019، 10 ٹائر، 220 ہارس پاور انجن، 18 فٹ باڈی، فوری منتقلی، قیمت 42 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0311-4567890، شاہراہِ کوہ یار، گاؤں ریگ زار۔

اسکوپ 02

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2018، 75 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 18 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0345-7788990، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 03

ہیوی ڈمپر برائے فروخت ماڈل 2017، 12 ٹائر، 380 ہارس پاور انجن، 20 فٹ باڈی، فوری منتقلی، قیمت 68 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0321-5566778، شاہراہِ کوہ یار، گاؤں ریگ زار۔

اسکوپ 04

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2021، 65 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 14 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0333-1122334، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 05

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2020، 60 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 16 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0312-9988776، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 06

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2019، 55 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 12 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0300-4455667، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 07

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2016، 50 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 9 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0315-2233445، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 08

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2022، 75 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 19 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0342-6677889، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 09

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2018، 65 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 15 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0318-4455667، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 10

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2020، 60 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 16 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0312-9988776، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 11

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2019، 55 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 12 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0300-4455667، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 12

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2021، 65 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 14 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0333-1122334، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 13

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2022، 75 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 19 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0342-6677889، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 14

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2016، 50 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 9 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0315-2233445، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 15

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2017، 55 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 11 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0321-5566778، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 16

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2020، 60 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 16 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0312-9988776، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 17

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2019، 55 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 12 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0300-4455667، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 18

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2021، 65 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 14 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0333-1122334، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 19

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2022، 75 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 19 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0342-6677889، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 20

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2016، 50 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 9 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0315-2233445، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 21

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2019، 55 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 11 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0321-5566778، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 22

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2020، 60 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 16 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0312-9988776، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 23

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2018، 65 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 15 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0318-4455667، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 24

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2021، 65 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 14 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0333-1122334، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 25

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2017، 55 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 11 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0321-5566778، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 26

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2019، 55 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 12 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0300-4455667، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 27

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2020، 60 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 16 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0312-9988776، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 28

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2018، 65 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 15 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0318-4455667، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 29

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2021، 65 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 14 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0333-1122334، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 30

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2022، 75 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 19 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0342-6677889، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 31

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2016، 50 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 9 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0315-2233445، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 32

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2019، 55 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 11 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0321-5566778، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

اسکوپ 33

ٹریکٹر برائے فروخت ماڈل 2020، 60 ہارس پاور انجن، 4 سلنڈر، 2WD، ٹرالی اور ہل سمیت، قیمت 16 لاکھ روپے، رابطہ نمبر 0312-9988776، گاؤں ریگ زار، شاہراہِ کوہ یار۔

عمران خان کی زندگی کو اس وقت شدید خطرات لاحق ہیں، علیمہ خان

سوشل میڈیا پر ان کی صحت بگڑنے، بلڈ پریشر میں ناہمواری اور ذہنی تناؤ کی افواہیں پھیلائی جا رہی ہیں

مصنوعی ذہانت سے تیار کردہ جعلی تصاویر اور ویڈیوز گردش کرائی جا رہی ہیں، عمران خان نے سختیوں کے باوجود ہمت نہیں ہاری، گفتگو

اسلام آباد (کوہ یار نیوز) بانی پی ٹی آئی عمران خان کی ہمشیرہ علیمہ خان نے ایک بار پھر اپنے بھائی کی صحت اور اڈیالہ جیل میں ان کی سلامتی کے حوالے سے شدید تشویش ظاہر کرتے ہوئے کہا ہے کہ عمران خان نے سختیوں کے باوجود ہمت نہیں ہاری، نہ ہی اپنے موقف سے پیچھے ہٹے، جس کے بعد انکی صحت اور ذہنی حالت سے متعلق یہ غلط بیانیہ گھڑا جا رہا ہے۔ سوشل میڈیا پر جاری اپنے ایک بیان میں علیمہ خان نے کہا کہ عمران خان کی زندگی کو اس وقت شدید خطرات لاحق ہیں، عمران خان کو اکتوبر 2025 میں مکمل تنہائی میں رکھے جانے سے پہلے وہ بالکل تندرست اور (بقیہ نمبر23 صفحہ نمبر3 پر)

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆کمبوڈیا، چیئرمین سینیٹ سید یوسف رضا گیلانی تقریب سے خطاب کر رہے ہیں☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆

ترقی و نفرت کے بجائے امن کا راستہ اختیار کرنا ہوگا، ضیا لانگو

ہمیں آنے والی نسلوں کے لیے ایک ایسا بلوچستان اور پاکستان تشکیل دینا ہوگا جہاں امن، تعلیم، روزگار، ترقی اور خوشحالی ہو

آئین کو تسلیم کرنے والوں کے لیے مذاکرات کے دروازے کھلے ہیں، دہشت گردی اور نفرت کو مل کر مسترد کرنا ہوگا، صوبائی وزیر داخلہ

کوئٹہ (یو این اے) صوبائی وزیر داخلہ میر ضیا اللہ لانگو نے کہا ہے کہ ہمیں تشدد کے بجائے قلم، تباہی کے بجائے ترقی اور نفرت کے بجائے امن کا راستہ اختیار کرنا ہوگا حکومت نے کبھی مذاکرات سے انکار نہیں کیا تاہم بندوق کے زور پر مذاکرات کسی صورت نہیں ہوں گے ان خیالات کا اظہار انہوں نے مختلف وفود سے بات چیت کرتے ہوئے کیا انہوں نے کہا کہ ہمیں اب اس بحث سے نکلنا ہوگا کہ مذاکرات کس سے ہونے چاہئیں اور کس سے نہیں، بلکہ اپنی توجہ بلوچستان اور پاکستان کی ترقی، امن، خوشحالی اور عوام کے بہتر مستقبل پر مرکوز کرنا ہوگی ہمیں (بقیہ نمبر24 صفحہ نمبر3 پر)

اوتھل، حضرت سید حسین شاہ کا سالانہ عرس اور روایتی ملاکھڑا میلہ اختتام پذیر

ملاکھڑا سندھ اور بلوچستان کی قدیم ثقافتی روایت ہے، اس کے فروغ سے نوجوانوں کو اپنی ثقافت سے جوڑنے کا موقع ملتا ہے، مولانا بخش گنگو

اوتھل (یو این اے) اوتھل کی معروف بزرگ ہستی حضرت سید حسین شاہ کے سالانہ عرس مبارک کے سلسلے میں منعقدہ تین روزہ میلہ اختتام پذیر ہوگیا۔ میلے کے دوران روایتی سرگرمیوں کا انعقاد کیا گیا، جبکہ سندھ اور بلوچستان کی ثقافتی پہچان ملھ (ملاکھڑا) کے شاندار مقابلوں نے حاضرین کو خوب محظوظ کیا۔ ملاکھڑا کے مقابلوں میں سندھ، بلوچستان اور (بقیہ نمبر26 صفحہ نمبر3 پر)

غیر قانونی تعمیرات کیخلاف سخت کریک ڈاون، 11 عمارتیں سیل اور 7 افراد گرفتار

وزیراعلیٰ کے وژن کے تحت نیو سبزل روڈ (سی پیک روڈ) پر کارروائی، غیر قانونی حصوں کو مسمار کر دیا گیا

کوئٹہ (یو این اے) وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز احمد بگٹی کے ہدایات کے مطابق کنٹرول قوانین کے مؤثر نفاذ، محفوظ اور قانونی تعمیرات کو یقینی بنانے اور شہریوں کے جان و مال کے تحفظ کے وژن کے تحت کوئٹہ میں غیر قانونی تعمیرات کے خلاف کارروائیوں میں تیزی آ گئی ہے۔ ایڈمنسٹریٹر میٹروپولیٹن کارپوریشن کوئٹہ بشیر احمد بڑیچ کی ہدایات پر میٹروپولیٹن (بقیہ نمبر27 صفحہ نمبر3 پر)

اوتھل، گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیسکینڈری اسکول میں طلبہ کے لیے ڈرائنگ و پینٹنگ کی تعلیمی سرگرمی کا انعقاد

اوتھل (یو این اے) گورنمنٹ بوائز ماڈل ہائیر سیکنڈری اسکول اوتھل میں طلبہ کی تخلیقی صلاحیتوں کو اجاگر کرنے اور ان میں فنونِ لطیفہ سے دلچسپی پیدا کرنے کے لیے ڈرائنگ و پینٹنگ کی تخلیقی تعلیمی سرگرمی کا انعقاد کیا گیا۔ سرگرمی کی منصوبہ بندی فوکل پرسن تخلیقی سرگرمیوں (بقیہ نمبر29 صفحہ نمبر3 پر)

ہانگ کانگ: وفاقی وزیر تجارت جام کمال خان کے ہمراہ کاروباری برادری کا گروپ

اوستہ محمد، عوامی خدمت اور ترقیاتی عمل پی پی پی کا منشور ہے، سردارزادہ فیصل خان جمالی

اوستہ محمد سمیت حلقہ انتخاب جلد ترقی کی نئی منزلیں طے کرے گا، عوام کو بنیادی سہولیات کی فراہمی اولین ترجیح ہے، صوبائی وزیر

اوستہ محمد (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی کے مرکزی رہنما و صوبائی وزیر لائیو اسٹاک سردارزادہ فیصل خان جمالی نے کہا ہے کہ پاکستان پیپلز پارٹی عوامی خدمت پر یقین رکھتی ہے۔ عوام کو زندگی کی بنیادی سہولیات کی فراہمی، بے روزگار نوجوانوں کے لیے روزگار کے مواقع پیدا کرنا اور پسماندہ علاقوں کو ترقی کی راہ پر گامزن کرنا پیپلز پارٹی کے منشور کا اہم (بقیہ نمبر22 صفحہ نمبر3 پر)

سفید پوش طبقہ بھی قرضے لینے پر مجبور ہو چکا ہے، محمد سہیل آفریدی

عوامی فلاح کے منصوبوں کو غیر ضروری تاخیر کا شکار نہیں ہونے دیا جائے گا، خطاب

پشاور (این این آئی) وزیراعلیٰ خیبر پختونخوا محمد سہیل آفریدی نے پشاور ریوائیٹلائزیشن پلان کے تحت مزید دو اہم منصوبوں کا سنگ بنیاد رکھ دیا جن میں شہر کی اہم شاہراہوں اور روٹس کی اپگریڈیشن اور پشتخرہ چوک انڈر پاس کی تعمیر شامل ہیں۔ یہ منصوبے مجموعی طور پر 3. 9 ارب روپے کے تخمینہ لاگت سے مکمل کیے جائیں گے۔ اہم شاہراہوں اور روٹس کی اپگریڈیشن (بقیہ نمبر21 صفحہ نمبر3 پر)

تعیناتیوں میں میرٹ، سینیارٹی اور متعلقہ پیشہ ورانہ اہلیت کو یقینی بنایا جائے، ڈاکٹر نعیم زرکون

سکیورٹی اور دیگر جائز مطالبات کو ترجیحی بنیادوں پر حل کرنے کے لیے مزید مؤثر اقدامات کریں گے، پی ایم اے

کوئٹہ (این این آئی) پاکستان میڈیکل ایسوسی ایشن (پی ایم اے) بلوچستان کے صدر ڈاکٹر نعیم زرکون کی زیر صدارت اتوار کو ایک تعارفی و مشاورتی اجلاس آر پی سی سینئر کوئٹہ میں منعقد ہوا۔ جس میں پی ایم اے بلوچستان، وائی ڈی اے بلوچستان، پی ایم اے کوئٹہ زون، سینئر اراکین اور ڈاکٹز ز کمیونٹی کے نمائندگان نے شرکت کی۔ اجلاس کا آغاز تلاوتِ کلام پاک سے ہوا، جس کے بعد شرکاء نے باہمی تعارف اور مختلف تنظیمی و پیشہ ورانہ امور پر تفصیلی مشاورت کی (بقیہ نمبر20 صفحہ نمبر3 پر)

پنجگور کو ایل پی جی پلانٹ سے فراہمی کی کوشش جاری ہیں، پھلین بلوچ

بلوچستان کی بدحالی کی وجہ قوم پرستی کو قرار دیتے ہیں، تاہم ان کے خیال میں اصل مسئلہ احساسِ محرومی ہے، گفتگو

پنجگور (این این آئی) نیشنل پارٹی کے مرکزی رہنما رکن قومی اسمبلی اسٹینڈنگ کمیٹی برائے انفارمیشن کے رکن پھلین بلوچ نے اتوار کو پنجگور پریس کلب کا دورہ کیا اور پنجگور پریس کلب کے صحافیوں سے خصوصی ملاقات اور اور حال احوال کیا۔ اس موقع پر پنجگور کے مختلف علاقائی مسائل، بنیادی سہولیات، سڑکیں بجلی، گیس، موبائل انٹرنیٹ اور دیگر عوامی مشکلات پر تفصیلی تبادلہ خیال کیا اس دوران انہوں نے خطاب کرتے ہوئے کہا کہ ہم پنجگور (بقیہ نمبر19 صفحہ نمبر3 پر)

عالم اسلام متحد ہو کر بدامنی اور بیرونی مداخلت کا مقابلہ کرے، جمعیت نظریاتی

سعودی عرب کی سرزمین اور تنصیبات پر حوثی حملوں کی شدید مذمت کرتے ہیں، مولانا عبدالقادر لونی

کوئٹہ (یو این اے) جمعیت علما اسلام نظریاتی پاکستان کے امیر مرکزیہ مولانا عبدالقادر لونی، مرکزی جنرل سیکرٹری مولانا محمود الحسن قاسمی، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالوہاب ڈھیر، مرکزی نائب امیر مولانا عبدالروف، سرپرست اعلیٰ مولانا ڈاکٹر شمس الہدی، مرکزی سیکرٹری اطلاعات سید حاجی عبدالستار شاہ چشتی، مرکزی سیکرٹری مالیات حاجی حیات اللہ کاکڑ، مولانا محمد قاسم خلیل اور دیگر رہنماں نے سعودی عرب کی سرزمین اور تنصیبات پر حوثی ملیشیا کی جانب سے کیے جانے والے مسلسل حملوں اور پرتشدد کارروائیوں کی شدید الفاظ میں مذمت کی ہے۔ رہنماں (بقیہ نمبر18 صفحہ نمبر3 پر)

وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی ہدایات پر پولیسنگ نظام کو بہتر بنانے کیلئے اوستہ محمد پولیس کو 16 نئی 125 موٹر سائیکلیں فراہم کی گئی

نوکنڈی، سی ڈی سی اور آر ڈی ایم سی ریکوڈک پروجیکٹ کے حکام کا اہم مشترکہ اجلاس

باہمی تعاون اور مقامی امور پر غور، مستقبل میں رابطہ کاری کو مزید مؤثر بنانے پر اتفاق، عرض محمد بڑیچ

نوکنڈی (یو این اے) سی ڈی سی اور آر ڈی ایم سی ریکوڈک پروجیکٹ کے اعلیٰ حکام کا ایک اہم اور مشترکہ اجلاس آر ڈی ایم سی آفس ریکوڈک میں منعقد ہوا، جس میں ریکوڈک پروجیکٹ سے متعلق مختلف نوعیت کے امور، باہمی تعاون، مقامی سطح پر درپیش مسائل اور دیگر اہم معاملات پر تفصیلی غور و خوض کیا گیا۔ اجلاس کی صدارت سی ڈی سی چیئرمین حاجی میر عرض محمد بڑیچ نے کی۔ اس موقع پر آر ڈی ایم سی ریکوڈک پروجیکٹ کے حکام مسٹر اسٹیفن ہرب، گل خان نصیر اور حفیظ شہی بلوچ نے سی ڈی سی چیئرمین حاجی میر عرض محمد بڑیچ اور دیگر شرکا کو مختلف امور کے (بقیہ نمبر30 صفحہ نمبر3 پر)

لاہور، بارش کے دوران شہری اپنی منزل کی جانب رواں دواں ہیں

پارٹی کارکنان کے مسائل کو حل کیا جائیگا، سردار عمر گورگیج

بلوچستان بھر کے عہدیداران کا اہم تنظیمی اجلاس، پارٹی سیکریٹریٹ کے قیام اور تنظیمی ڈھانچے کو مضبوط بنانے کا فیصلہ

جائز مسائل کے حل اور روزگار کے مواقع کی فراہمی کے لیے بھرپور کوششیں کی جائیں گی، مقررین کا لسبیلہ میں منعقدہ اجلاس سے خطاب

بیلا (یو این اے) پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان صوبائی ایگزیکٹو صوبائی کونسل، ڈویژنل، ضلعی اور بلوچستان کے تمام ونگز اور فورمز مشترکہ کا اہم اجلاس، تنظیمی و سیاسی امور پر تفصیلی غور تفصیل کے مطابق پاکستان پیپلز پارٹی بلوچستان کی صوبائی کونسل کا اہم اجلاس صوبائی صدر سینیٹر سردار محمد عمر گورگیج اور مرکزی ایگزیکٹو کمیٹی کے رکن سردار بازمحمد خان کھیتران کی صدارت میں منعقد ہوا اجلاس میں بلوچستان بھر سے پاکستان پیپلز پارٹی کی صوبائی ایگزیکٹو کمیٹی کے اراکین، تمام ڈویژنز کے صدور، جنرل سیکریٹریز اور انفارمیشن سیکریٹریز، اضلاع کے صدور، جنرل سیکریٹریز (بقیہ نمبر2 صفحہ نمبر3 پر)

لاہور، مریم نواز کی بیٹی ماہ نور صفدر اور داماد اذان جبار کی تصویر دوسری جانب وزیراعظم شہباز شریف نواز شریف کے ہمراہ

رشوت خوری کے الزامات پر چمن پولیس کے متعدد افسران اور اہلکار معطل

کوئٹہ (این این آئی) عوام کو مبینہ طور پر تنگ کرنے اور رشوت خوری کے الزامات پر چمن پولیس کے متعدد افسران اور اہلکاروں کو معطل کر دیا گیا۔ معطل اہلکاروں کے خلاف محکمانہ قانونی کارروائی شروع کر دی گئی ہے ترجمان بلوچستان پولیس کے ایک پریس ریلیز مطابق عوامی شکایات کا نوٹس لیتے ہوئے ہائر ڈرہولڈنگ کیمپ کے انچارج اور ماسٹر پلان چوکی (بقیہ نمبر3 صفحہ نمبر3 پر)

تاخیری حربے آزاد عدلیہ کیلئے کاری ضرب مانند ہے، علی احمد کرد ایڈووکیٹ

کوئٹہ (این این آئی) آل پاکستان وکلاء ایکشن کمیٹی کے چیئرمین علی احمد کرد نائب صدر بلوچستان غنی خلجی مرکزی انفارمیشن سیکریٹری اور راحب خان بلیدی نے اپنے ایک بیان میں کہا ہے کہ ایڈووکیٹ ایمان زینب مزاری اور ایڈووکیٹ ہادی علی چھٹہ کے کیس میں تاخیری (بقیہ نمبر4 صفحہ نمبر3 پر)

بھنگ کی کاشت کے خاتمے کیلئے کسی قسم کی غفلت یا کوتاہی برداشت نہیں کی جائیگی، ڈپٹی کمشنر لورالائی

لورالائی (این این آئی) ڈپٹی کمشنر لورالائی کیپٹن (ر) محمد حسیب شجاع کی زیر صدارت ضلعی کمیٹی برائے انسدادِ منشیات کا اہم اجلاس منعقد ہوا، جس میں ضلع بھر میں بھنگ کی کاشت کے خلاف جاری مہم، سروے اور آئندہ کے لائحہ عمل کا تفصیلی جائزہ لیا گیا۔ اجلاس (بقیہ نمبر5 صفحہ نمبر3 پر)

سوناروا واقعے پر پی بی سی اردو کی رپورٹ سیاق وسباق سے ہٹ کر پیش کی گئی، بابر یوسفزئی

وزیراعلیٰ نے ایسی کوئی بات نہیں کی، دہشتگرد عوام کو نقصان پہنچاتے ہیں، معاون خصوصی داخلہ

کوئٹہ (یو این اے) معاون خصوصی برائے داخلہ بلوچستان بابر یوسفزئی نے خضدار کے علاقے سوناروا میں پیش آنے والے واقعے سے متعلق پی بی سی اردو کی رپورٹ پر وضاحت دیتے ہوئے کہا ہے کہ پی بی سی اردو کی ویب سائٹ پر وزیراعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی کے بیان کو سیاق وسباق سے ہٹ کر اور توڑ مروڑ کر پیش کیا گیا ہے۔ اپنے بیان میں بابر (بقیہ نمبر7 صفحہ نمبر3 پر)

بہری واقعہ، سسرالی خاندان نے تیزاب گردی کا الزام مسترد کر دیا

خاتون گزشتہ چھ سال سے زیر علاج ہے، کوئی مرد گھر میں موجود نہیں تھا، ایف سی اسپتال کا ریکارڈ موجود ہے، تحقیقات کا مطالبہ

مستونگ (یو این اے) مستونگ کے علاقے بہری میں گزشتہ روز پیش آنے والے واقعے کے حوالے سے متاثرہ خاتون کے سسرالی خاندان نے میڈیا پر سامنے آنے والی اطلاعات کو یکسر مسترد کرتے ہوئے واقعے کی اصل حقیقت سامنے لانے اور شفاف تحقیقات کا مطالبہ کیا ہے۔ خاتون کے سسرالی رشتہ داروں نے قرآن پاک ہاتھوں میں اٹھا کر (بقیہ نمبر6 صفحہ نمبر3 پر)

12 ہزار غیر قانونی تارکین کو ان کے ملک واپس بھیج دیا گیا، سعودی عرب

ٹول فری نمبر 911 جبکہ مملکت کے دیگر علاقوں میں 999 یا 996 پر مشتبہ خلاف ورزیوں کی اطلاع دی جا سکتی ہے

غیر قانونی طور پر مملکت میں داخل ہونے کی کوشش پر ایک ہزار 273 افراد کو حراست میں لیا گیا، وزارت داخلہ

ریاض (این این آئی) سعودی عرب کے حکام نے اقامہ، لیبر اور بارڈر سیکیورٹی کی مزید 14 ہزار 796 خلاف ورزیاں ریکارڈ کی ہیں اور 12 ہزار 57 غیر قانونی تارکین کو ان کے ملک واپس بھیج دیا۔ سعودی عرب کی وزارت داخلہ نے گزشتہ روز بیان میں بتایا کہ 3 سے 9 ستمبر کے درمیان مجموعی طور پر 7 ہزار 504 اقامہ قانون، 3 ہزار 783 بارڈر سیکیورٹی (بقیہ نمبر12 صفحہ نمبر3 پر)

جعفر آباد میں عطائی ڈاکٹر کے غلط انجکشن لگانے سے آٹھ سالہ بچہ زندگی کی بازی ہار گیا

ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) جعفر آباد میں عطائی ڈاکٹر کے غلط انجکشن لگانے سے آٹھ سالہ بچہ زندگی کی بازی ہار گیا۔ پولیس کے مطابق جعفر آباد کے علاقے ڈیرہ اللہ یار صحبت پور چوک پر قائم پرائیویٹ کلینک میں ایک عطائی ڈاکٹر نے بخار کے لیے ایک آٹھ سالہ بچے کو انجکشن لگایا انجکشن ریکشن کرنے کے باعث بچے نے ماں باپ کے سامنے تڑپ کر جان (بقیہ نمبر11 صفحہ نمبر3 پر)

لاہور، ایک لڑکی انارکلی چوک میں اسٹال پر کتابیں دیکھ رہی ہے

صوبائی وزیر حاجی نور محمد دمڑ کا شاہرگ کوئلہ کان میں حادثے میں قیمتی جانون کے ضیاع پر افسوس کا اظہار

زیارت (این این آئی) صوبائی وزیر حاجی نور محمد خان دمڑ نے ہرنائی کے علاقے شاہرگ کوئلہ کان میں زہریلی گیس بھرنے سے دھماکے میں 4 کانکنوں کے جاں بحق اور 5 کے زخمی ہونے پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ اپنے تعزیتی بیان میں صوبائی (بقیہ نمبر10 صفحہ نمبر3 پر)

بارکھان پولیس نے ٹرک کے خفیہ خانوں سے 29 کلوگرام سے زائد چرس اور 7 کلوگرام آئس سیشہ برآمد کر لیا

بارکھان (این این آئی) ڈی آئی جی کوہ سلیمان ڈویژن ایاز احمد بلوچ کے احکامات اور ایس پی بارکھان عبدالحق رئیس کی خصوصی ہدایت پر بارکھان پولیس کی جانب سے منشیات کے خلاف کارروائیاں جاری ہیں۔ اسی سلسلے میں ڈی ایس پی رکھنی جبار مینگل کی نگرانی (بقیہ نمبر9 صفحہ نمبر3 پر)

موٹر سائیکلوں کی فراہمی سے شہر میں پولیس گشت کا نظام مزید بہتر ہوگا، معاذ الرحمان

جرائم کی روک تھام، بروقت پولیس رسپانس اور عوام کے تحفظ میں مدد ملے گی، ایس پی اوستہ محمد

کوئٹہ (این این آئی) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی خصوصی ہدایات پر پولیسنگ کے نظام میں جدت، فعال اور مستحکم بنانے اور گشت کے نظام کو مزید موثر و فعالیت کے لئے اوستہ محمد اور نصیر آباد پولیس کو مجموعی طور پر 31 نئی 125-CG موٹر سائیکلیں فراہم کر دی گئیں۔ اوستہ محمد اور نصیر آباد کے اضلاع میں پولیس کو جرائم کی روک تھام، پولیس گشت اور بروقت رسپانس کو موثر بنانے کے لیے 15 نئی 125-CG موٹر سائیکلیں فراہم کی گئیں۔ ایس پی اوستہ محمد حافظ معاذ الرحمٰن نے موٹر سائیکلوں کی چابیاں متعلقہ تھانوں (بقیہ نمبر8 صفحہ نمبر3 پر)

اوستہ محمد اور نصیر آباد پولیس کو گشت کا نظام موثر بنانے کے لیے 31 نئی موٹر سائیکلیں فراہم

اوستہ محمد (یو این اے) وزیر اعلیٰ بلوچستان میر سرفراز بگٹی اور آئی جی پولیس بلوچستان محمد طاہر کی خصوصی ہدایات پر پولیسنگ کے نظام میں جدت، فعال اور ایبکو کیشن آفیسر عبدالحمید ابڑو کی ڈیڑھ ماہ کی چھٹی منظور، خیر بخش مری کو قائم مقام چارج تفویض

صحبت پور (یو این اے) ڈھاڈر کے قریب پیش آنے والے ٹریفک حادثے میں زخمی ہونے والے صحبت پور کے (بقیہ نمبر32 صفحہ نمبر3 پر)

پشتونخوا میپ کا سینیٹر نصیب اللہ خان بازئی کی وفات پر اظہار تعزیت

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا میپ کے مرکزی جنرل سیکرٹری عبدالرحیم زیارتوال، مرکزی سیکرٹری نواب ایاز خان جوگیزئی، مرکزی سیکرٹری ڈاکٹر حامد خان اچکزئی، صوبائی صدر عبدالقہار خان ودان، سید شراف آغا، مجید خان اچکزئی، کبیر افغان اور دیگر رہنماؤں نے (بقیہ نمبر33 صفحہ نمبر3 پر)

آٹے کی ترسیل میں روکاٹیں دور اور نرخوں میں کمی لائی جائے، پشتونخوا میپ

پنجاب و سندھ سے بلوچستان کو گندم کی بجائے براہِ راست آٹے کی ترسیل شروع کی جائے، بیان

کوئٹہ (این این آئی) پشتونخوا ملی عوامی پارٹی کے صوبائی پریس ریلیز میں آٹے کی قیمتوں میں کمی نہ آنا اور پنجاب و سندھ سے بلوچستان کو آٹے کی ترسیل نہ ہونے پر سخت افسوس اور تشویش کا اظہار کرتے ہوئے کہا گیا ہے کہ آٹے کی قیمتوں میں مسلسل اضافے اور فلور ملز کی جانب سے آٹے کی قیمتوں میں مزید کمی نہ کرنے کا بیان انتہائی افسوسناک ہے۔ ایک طرف غریب عوام مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں جبکہ دوسری جانب مسلط فارم 47 کی حکومت اور محکمہ خوراک عوام کو ریلیف فراہم کرنے میں مکمل طور پر غیر سنجیدہ دکھائی دے رہے ہیں۔ بیان میں کہا گیا ہے کہ صوبہ پنجاب سے بلوچستان گندم لانے پر پابندی عائد کرنا قابلِ افسوس ہے۔ اسی طرح (بقیہ نمبر17 صفحہ نمبر3 پر)

پالیسیاں بدلنے تک امن کا خواب شرمندہ تعبیر نہیں ہوسکتا، مولانا عبدالرحمٰن رفیق

ملک میں امن، سیاسی استحکام، جمہوری تسلسل اور قومی وحدت کے لیے اپنا مثبت اور اصولی کردار ادا کرتی رہے گی، جمعیت

کوئٹہ (این این آئی) جمعیت علماء اسلام ضلع کوئٹہ کے امیر شیخ الحدیث مولانا عبدالرحمٰن رفیق، ضلعی جنرل سیکرٹری حاجی عین اللہ شمس، سینئر نائب امیر مولانا خورشید احمد، سرپرست اعلیٰ مفتی محمد روزی خان، مولانا حفیظ اللہ، مولانا محمد سلیمان، حافظ دوست محمد مینگل، مولانا عبدالبصیر، حافظ رشید احمد، حاجی محمد شاہ لالا، مفتی نیک محمد فاروقی اور حاجی نعمت اللہ اچکزئی نے کہا ہے کہ دنیا میں امن و امان کی تباہی اور مختلف خطوں میں جاری بدامنی کے پیچھے امریکی بالادستی اور اس کی مداخلت پسندانہ پالیسیوں کا بنیادی کردار ہے، امریکہ نے اپنے مفادات کے حصول کے لیے دنیا کے مختلف ممالک میں جنگوں، سیاسی عدم استحکام اور معاشی دباؤ کو فروغ دیا، جس کے منفی (بقیہ نمبر16 صفحہ نمبر3 پر)

جی 20 اجلاس میں ممکنہ پیوٹن، زیلنسکی ملاقات خوش آئند ہے، سینیٹر قادر

جنگ بندی، سلامتی کی ضمانتوں، قیدیوں کے تبادلے اور تعمیرِ نو پر قابلِ عمل اتفاق رائے پیدا کرنا ہوگا، بیان

کوئٹہ (این این آئی) چیئرمین سینیٹ قائمہ کمیٹی برائے دفاعی پیداوار، سینیٹر محمد عبدالقادر نے اپنے ایک خصوصی بیان میں کہا ہے کہ یوکرینی صدر ولادیمیر زیلنسکی کی جانب سے دسمبر میں میامی میں ہونے والے جی 20 اجلاس کے موقع پر روسی صدر ولادیمیر پیوٹن سے ملاقات پر آمادگی روس-یوکرین جنگ کے خاتمے کی کوششوں میں ایک اہم سفارتی پیش رفت (بقیہ نمبر14 صفحہ نمبر3 پر)

سید خلیل الرحمٰن اور موسیٰ فرمان کے انتقال پر کاشف حیدری کا اظہارِ افسوس

کوئٹہ (این این آئی) مرکزی تنظیم تاجران بلوچستان کے ترجمان کاشف حیدری نے روزنامہ جنگ کے ریزیڈنٹ ایڈیٹر و سینئر صحافی سید خلیل الرحمٰن اور کوئٹہ پریس کلب کے فوٹو جرنلسٹ موسیٰ فرمان کے انتقال (بقیہ نمبر15 صفحہ نمبر3 پر)

عراق پڑوسی ملکوں کی سلامتی کو خطرے میں ڈالنے والی سرگرمیاں روکنے کا فیصلہ

پائپ لائن حالیہ مہینوں میں خلیجی تیل کی ترسیل کا ایک اہم ذریعہ رہی ہے

عراقی سیکیورٹی فورسز نے سعودی عرب میں پائپ لائن پر حملے میں استعمال مقام کا پتہ لگا لیا

بغداد (این این آئی) عراقی سیکیورٹی فورسز نے سعودی عرب میں ایسٹ ویسٹ آئل پائپ لائن پر حملے میں استعمال مقام کا پتہ لگا لیا اور ڈرون لانچنگ کے آلات قبضے میں لے لیے۔ غیر ملکی خبر رساں ادارے کے مطابق سعودی وزارتِ خارجہ نے کہا تھا کہ عراق میں جس مقام سے پائپ لائن پر حملہ ہوا وہاں ایران نواز مسلح گروپ سرگرم ہیں، حملے کے بعد پائپ لائن عارضی طور پر بند کی گئی۔ آبنائے ہرمز کی بندش کے باعث پائپ لائن حالیہ مہینوں میں خلیجی تیل کی ترسیل کا ایک اہم ذریعہ رہی ہے۔ مقام سے پائپ لائن پر حملہ ہوا وہاں ایران نواز مسلح گروپ سرگرم ہیں، (بقیہ نمبر34 صفحہ نمبر3 پر)

ابوظہبی (این این آئی) متحدہ عرب امارات نے ہیٹی میں انسانی امداد کے لیے 10 ملین ڈالر مختص کر دیئے۔ امارتی نیوز ایجنسی کے مطابق متحدہ عرب امارات کے صدر شیخ محمد بن زاید آل نہیان کی ہدایات اور الظفرہ ریجن کے حکمران کے نمائندے اور امارات ریڈ کریسنٹ اتھارٹی کے چیئرمین شیخ حمدان بن زاید آل نہیان کی نگرانی میں متحدہ عرب امارات ہیٹی میں انسانی بحران سے متاثرہ افراد کی مدد (بقیہ نمبر1 صفحہ نمبر3 پر)

متحدہ عرب امارات نے ہیٹی میں انسانی امداد کے لیے 10 ملین ڈالر مختص کر دیئے

امداد امارات ریڈ کریسنٹ کے ذریعے فراہم کی جائے گی

خوراک کی بنیادی اشیا، حفظانِ صحت کی سہولیات کے ساتھ ساتھ ادویات، طبی سامان اور آلات شامل ہوں گے، حکام

☆☆☆☆☆☆☆☆☆☆